© rasailojaraid.com

جاری رکھا اور دوسری طرف ہندوؤں کی مسلم آزار ذہنیت سے ٹکراتے رہے۔ تیسرا میدان اُن کا قادیانیت تھی اور اس محاذ پر تو انہوں نے اتنی بوچھاڑ کی کہ آج بھی فضا میں گھن گرج باقی ہے۔ مولانا ظفر علی خاں نے جہاں بیشتر نظمیں ارتجالاً لکھی یا کہی ہیں وہاں اُن کی زمینوں کے انتخاب اور قافیہ و ردیف کے معاملے میں ایسی ایسی راہیں اختیار کی ہیں کہ پڑھنے والا حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔ پھر بات قافیہ پیمائی تک محدود نہیں، بلکہ ندرتِ مضامین، جذباتی گہرائی، تخیل کی بلندی اور تشبیہات و استعارات سے پورا حریمِ فن روشن ہے۔

ہم اس خاص نمبر کے مدیران، لکھنے والوں، اس کی ترتیب میں محنت کرنے والے طالب علموں، خاص نمبر کے مدیرِ اعلیٰ اور شیخوپورہ کالج کے پرنسپل صاحب کو اس نمبر پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ کاش کہ یہ خاص نمبر پاکستانی تعلیم گاہوں اور دوسرے اداروں کی ہر لائبریری میں پہنچ جائے۔

MARVELLOUS STORIES FROM THE LIFE OF MUHAMMAD

انگریزی تالیف از MARDIJAH ALDRICH TARANTINO — ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن ۲۲۳ لنڈن روڈ لائسسٹر۔ یوکے۔ قیمت درج نہیں۔

سیرتِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص خاص واقعات کو (ابتدا سے فتح مکہ تک) بچوں کے لیے کہانی کے سے پیرائے میں بیان کیا گیا ہے، مگر حقائق کو مسخ نہیں ہونے دیا گیا۔ زبان نہ صرف آسان ہے بلکہ مغربی معیارات کے لحاظ سے وقیع ہے۔

مغربی ممالک میں دینی اسپرٹ کو آئندہ نسلوں میں زندہ رکھنے کے لیے ذی شعور اور دردمند مسلمانوں کے بعض ادارات بڑا گراں قدر کام کر رہے ہیں۔ ایک مخالف تہذیب کے ماحول میں بچوں کے لیے کہانیوں، نظموں اور معلومات کے دائرے میں اسلامی لٹریچر دستیاب نہ تھا۔ جو لٹریچر ملتا اور پڑھا جاتا تھا وہ یا تو لادینی نقطۂ نظر کا آئینہ دار ہوتا یا پھر مسیحیت کے رنگ میں رنگا ہوتا، بلکہ صحیح یہ ہے کہ مغرب میں لادینیت اور مسیحیت نے آپس میں ساز باز کر لی ہے۔ پس جو لٹریچر ملتا تھا وہ مسلمان بچوں کی ذہنی صحت کے لیے تباہ کن تھا۔ اب اسلامک فاؤنڈیشن لائسسٹر نے بچوں کے لیے مغرب کے لسانی اور ادبی اور فنی معیارات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے مطابق اسلامی لٹریچر تیار کرنا شروع کیا ہے۔ متعدد چیزیں شائع ہو چکی ہیں، بعض کا تعارف ہم کرا چکے ہیں، بعض کا آئندہ کرائیں گے۔ یہ لٹریچر مغرب کے غیر مسلم بچوں اور کسی حد تک بالغوں میں بھی مفیدِ مقصد ہو سکتا ہے، نیز پاکستان اور دوسرے اسلامی ممالک میں انگریزی زبان کے نصابیات میں، خصوصاً انگریزی زبان کو ذریعۂ تعلیم بنانے والے کانونٹ سکولوں میں اسے رائج کیا جانا چاہیے۔ یوں بھی گھریلو سطح پر بچوں کے مطالعہ کے لیے ایسی کتابوں اور رسائل کا بہم کرنا ضروری ہے۔

---

**تاریخ میلاد** از مولانا حافظ حکیم عبدالشکور صاحب مرزا پوری۔ ناشر: عمران اکیڈیمی مسلم آباد، شالامار ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: پونے دوسو۔ قیمت: ۲۰/- روپے

میلاد اور اس سے متعلق جو طور طریقے رائج ہیں اُن کے متعلق بڑی قیمتی تحقیق اس کتاب میں ملے گی۔ میلاد کی مجالس کا آغاز کب ہوا؟ سلام و قیام کا سلسلہ کب چلا، دوسری مختلف مضحکہ خیز رسوم کب، کہاں اس میں داخل ہوئیں؟ وغیرہ امور پر نہ صرف تاریخ بیان ہوتی ہے بلکہ ہر بات کے لیے دلائل اور حوالہ جات شامل ہیں، اس کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ سچی خدا پرستی اور پیروی سنّت اگر مطلوب ہو تو بہت سی مروجہ مذہبی تقاریب و رسوم کو کس طرح کسوٹی پر رکھنا چاہیے۔ ہمارے اِن تمام خرابیاں اس ایک کوتاہی سے آتی ہیں کہ زندگی کے مختلف معاملات و امور میں کتاب و سنّت کی سند پر انحصار نہیں کیا جاتا بلکہ ہم نے اپنی مذہبیت کے لیے کچھ اور ماخذ بھی بنا لیے ہیں۔

اس کتاب کو متلاشیانِ حق ضرور پڑھیں اور اس سے یہ رہنمائی بھی ضرور اخذ کریں کہ رسوم و روایات کے جنگل میں جادۂ حق کو کس طرح تلاش کیا جا سکتا ہے۔

---

**آداب الدّعا** از مولانا محمد حنیف یزدانی صاحب۔ ناشر: مکتبہ نذیریہ، جامع مسجد قبا، جناب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۱۸/- روپے

دُعا خدا کی عبادت کا مغز اور جوہر ہے۔ قرآن کا افتتاح بھی دُعا سے ہوتا ہے اور اختتام

© rasailojaraid.com